22/06/2026

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عابدہ اختر

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے بحریہ کی اہمیت اجا گر کرتے ہوئے کہا ہے کہ مضبوط بحری صلاحیتیں کسی بھی ملک کے لئے اقتصادی اور سٹریٹجک اثر و رسوخ کا فیصلہ کُن عنصر ہوتا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اس حقیقت کو سمجھتا ہے اور اس کے لئے خود کو تیار بھی کرتا ہے ۔

وزیر اعظم مغربی بنگال کے کولکتہ شہر میں شیاما پرساد مکھرجی بندرگاہ پر ملکی سطح پر تیار کئے گئے تین مختلف بحری جہازوں کو بحریہ میں شامل کرنے کے موقعہ پر ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے ۔

میلہ

وادی میں آج کھیر بھوانی کا میلہ منایا جا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں تلہ ملہ گاندربل میں مرکزی تقریب منائی جا رہی ہے جہاں شردھالووں کی بڑی تعداد آئی ہوئی ہے جن میں مقامی پنڈت برادری کے علاوہ ملک اور بیرون ملک سے آئے ہوئے شردھالو بھی شامل ہیں۔ہمارے نمائندے کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔میلے میں شرکت کرنے پر اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے شردھالوں نے ہمارے نمائندے کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

ماتا بدرکالی ہندواڑہ لوگر پور اننت ناگ اور مازہامہ کولگام میں بھی پنڈت برادری کی بڑی تعداد اس دن کو جوش و خروش کے ساتھ منا رہے ہیں ۔ کھیر بھوانی کا میلہ کشمیر کی تاریخی اور ثقافتی روایات کا ایک قدیم تہوار ہے جو یہاں کے بھائی چارے اور انسان دوستی کی نمایاں مثال رہی ہے ۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا بھی ماتا کھیر بھوانی مندر گئے اور وہاں خصوصی پوجا کی ۔ بعد میں ذرائع ابلاغ سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شردھالوں کیلئے مناسب انتظامات کئے گئے ہیں۔ انہوں نے سبھی کیلئے ترقی اور خوشحالی کی دعا کی۔

سیاح

وادی میں ان دنوں سیاحوں کا اچھا خاصا رش دیکھنے کو مل رہا ہے۔ سرینگر کے معروف جھیل ڈل اور مغل باغات کے علاوہ وادی کے دوسرے سیاحتی مقامات پر بھی سیاحوں کی اچھی تعداد آ رہی ہے جو یہاں کے قدرتی نظاروں سے کافی لطف محسوس کر رہے ہیں۔

سکینہ

سرکار نوجوانوں کو بااختیا ربنانے اور ان کیلئے روزگار کے مواقعے پید اکرنے کی خاطر سرینگر میں SKICC مسلسل اقدامات کر رہی ہے ۔ان باتوں کا اظہار تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے ایک پرائیوٹ ادارے کے اہتمام سے تقسیم اسناد کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کے دوران کیا ۔انہوننے کہاکہ نوجوان جموں کشمیر کی جامع ترقی میں اہم رول ادا کر سکتے ہیں۔اس موقعے پر سکینہ ایتو نے تعلیم کے میدان میں اچھی کار کردگی دکھانے والے کئی طلبا کو اعزازا ت سے نوازا ۔

NET

امتحان آج سے شروع ہو گیا ہے جو 30 جون NETیونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے جون 2026 کا یعنی کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹ ہو گا جو روزانہ دو شفٹ میں لیاجائے گا۔ CBT تک جاری رہے گا۔ یہ اسسٹنٹ پروفیسر اور پی ایچ ڈی کے خواہشمند کورسز کیلئے JRF امتحان NET قابل ذکر ہے کہ لیا جاتا ہے۔

مذاکرات

امریکہ اور ایران کے درمیان امن مذاکرات کو آگے بڑھانے کے لئے سویزرلینڈ میں بات چیت کا پہلا دور مکمل ہو گیا ہے ۔ بین الاقوامی میڈیا کے مطابق مذاکرات کے پہلے دور میں دونوں ملکوں کے درمیان حتمی معاہدہ سے متعلق 60 روزہ روڑ میپ طے پایا ہے ۔ مذاکرات میں وینس جبکہ ایرانی وفد کی قیادت وہاں کے وزیر خارجہ JD امریکی وفد کی قیادت نائب صدر عباس عراقچی کر رہے ہیں ۔

عُرس

سید صالح خانصاحب کا سالانہ عرس خان صاحب بڈگام میں عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ یہ 3روزہ عُرس کل سے شروع ہوا اور اس میں علاقے بھر کے ہزاروں لوگ شرکت کر رہے ہیں۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ